سوال

(74)اگر کنویں کا سارا پانی نکالنا مشکل ہو تو کیا کیا جائے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم لوگ حنفی مذہب کے ہیں، لہٰذا فقہ کی کتابوں سے بتائیں کہ اگر کنویں کا سارا پانی نکالنا مشکل ہو تو کیا کیا جائے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس صورت میں امام محمد کے قول پر عمل کرلیا جائے، وہ کہتے ہیں کہ دو سو ڈول لازمی طور پر نکالے جائیں اور اگر تین سو ڈول نکالیں تو بہتر ہے اور فتوے اسی روایت پر ہے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ملتقی الابحر میں ایسا ہی فتوی دیا ہے اور در مختار میں بھی ایسا ہی ہے۔ واللہ اعلم۔

فتاوی نذیریہ

جلد01